P.R.NO.22/2025

# وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، علاقائی دفتر، ایبٹ آباد

# Press Release

## وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا علاقائی دفتر ایبٹ آباد کا دورہ

### سال 2024ء کے دوران فوری انصاف کے ذریعے دو لاکھ 23 ہزار سے زائد فیصلے کئے،

### 93 فیصد پر عملدرآمد بھی ہوگیا ہے۔اعجاز احمد قریشی

### موثر اقدامات کے ذریعے غریب عوام تک انصاف ان کی دہلیز پر پہنچایا جا رہا ہے۔وفاقی محتسب

ایبٹ آباد(    )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ایبٹ آباد میں سرکاری افسروں پر زور دیا ہے کہ وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں تا کہ شکایت کنندگان کو فوری ریلیف مل سکے۔انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ غریبوں کی عدالت ہے اوراس ادارے کا مقصد نادار اور پسماندہ طبقے کی دادرسی کرنا ہے، دوسو سے زائد وفاقی سرکاری اداروں کے خلاف شکایات کے ازالے کے لئے پرعزم ہیں۔سرکاری افسران کو عوام الناس کی شکایات کے ازالے کے لئے اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لانا چاہئیں۔انہوں نے کہا کہ 2024ء کا سال اس حوالے سے انتہائی اہم اور یادگار رہا کہ اس سال ریکارڈ شکایات آئیں اور ریکارڈ فیصلے کئے گئے۔گزشتہ برس دو لاکھ 26 ہزار 372 شکایات آئیں اور دو لاکھ 23 ہزار 198 شکایات کے فیصلے کئے گئے۔ انہوں نے بتایا کہ 93.21 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد بھی ہوگیا جو ایک ریکارڈ ہے۔وفاقی محتسب نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز ایبٹ آباد میں اپنے ادارے کے علاقائی دفتر کے دورہ کے دوران وفاقی اداروں کے مقامی سربراہان کے ساتھ ایک اجلاس کے دوران کیا۔اس موقع پر وفاقی محتسب نے میڈیا کے نمائندوں سے بھی ملاقات کی۔انہوں نے کہا کہ عوام الناس کو ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کرنے کے لئے ملک بھر میں 126 کھلی کچہریاں منعقد کی گئیں۔اوسی آر پروگرام کے تحت 171 دوروں کے دوران 4840 شکایات نمٹائی گئیں، جب کہ سرکاری اداروں کے نظام کی اصلاح اور خدمات کو بہتر بنانے کے لئے وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیموں نے سرکاری محکموں کے 79 دورے کئے۔مظفر آباد، آزاد جموں وکشمیر، گلگت بلتستان اور ساہیوال میں حال ہی میں نئے دفاتر کے قیام کے بعد یہ ادارہ اب ملک بھر کے 25 شہروں میں موجود ہے۔عنقریب ڈیرہ غازی خان میں بھی علاقائی دفتر قائم کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب میں شکایات داخل کر کے انصاف حاصل کرنا بہت سادہ اور آسان ہے۔وفاقی محتسب کے اہم اقدامات میں شکایات کے اندراج اور زوم لنک نیز وٹس ایپ کے ذریعے سماعت میں شمولیت کے لئے انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کا استعمال بھی شامل ہے۔وفاقی محتسب نے بتایا کہ سمندر پار پاکستانیوں اور بچوں کی شکایات کے ازالے کے لئے ہم نے الگ سے شکایات کمشنر متعین کر رکھے ہیں۔جیلوں میں قیدیوں کی سہولیات کے لئے بھی متعدد اقدامات اٹھائے ہیں۔وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے مزید کہا کہ یہ ادارہ حقیقی معنوں میں غریب آدمی کی عدالت ہے جو بڑی تعداد میں شکایت کنندگان کو ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کر رہا ہے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

0333-5333266

23 اپریل 2025ء